نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق

Graduate and Research Management Council (GRMC)

وفاقی اُردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس اور ٹیکنالوجی (کراچی/اسلام آباد)

تاریخ: 15/اکتوبر 2026ء　　　　مجاریہ: ن ا ت ت/ 1328/ 2026ء

دفتری حکم

نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق (GRMC) کے اُناسی (79th) اجلاس، منعقدہ مورخہ 30/ستمبر 2026ء کی شق 3 کے فیصلے کے تحت GRMC کے اٹھترویں (78th) اجلاس، منعقدہ مورخہ 13/اگست 2026ء میں قائم کمیٹی کی موصولہ سفارشات کی روشنی میں ایم فل، ایم ایس اور پی ایچ ڈی کے لسانیات کے علاوہ دیگر شعبہ جات کے تحقیقی خاکہ جات و مقالہ جات کی اُردو زبان میں تحریر اور پی ایچ ڈی کا مقالہ اُردو زبان جبکہ تحقیقی پرچہ انگریزی زبان میں شائع کروانے کے حوالے سے درجِ ذیل ہدایت کی جاتی ہے:

(i) ایم فل، ایم ایس اور پی ایچ ڈی کے مختلف زبانوں والے مضامین مثلاً اُردو، انگریزی، سندھی اور عربی کے مقالہ جات اور آرٹیکلز کو اپنی ہی زبان میں لکھنے کی ہدایت دی جاتی ہے۔

(ii) ایم فل، ایم ایس اور پی ایچ ڈی کے زبانوں والے مضامین کے علاوہ دوسرے مضامین کے مقالہ جات اور آرٹیکلز ترجیحاً انگریزی میں شائع کرنے کی ہدایت کی جاتی ہے۔

(iii) ایم فل، ایم ایس اور پی ایچ ڈی کے جو آرٹیکلز اور مقالہ جات انگریزی زبان میں شائع ہو جائیں بعدازاں اُردو زبان کے فروغ کے لیے ان کا اُردو زبان میں ترجمہ بھی کیا جا سکتا ہے۔

رجسٹرار

نقل:

۱۔ دفتر چیئرمین نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق (GRMC)
۲۔ انچارج کیمپس (اسلام آباد، گلشن اقبال، عبدالحق)
۳۔ جمیع رؤسائے کلیات
۴۔ ایڈیشنل رجسٹرار (اسلام آباد کیمپس)
۵۔ جمیع صدور/انچارج شعبہ جات (کراچی/اسلام آباد کیمپس)
۶۔ جمیع انتظامی سربراہان (کراچی/اسلام آباد کیمپس)
۷۔ شخصی مسل
۸۔ مسل متعلقہ اجلاس
☆ **فیصل بہادر برائے ویب سائٹ**

دفتر نظامتِ اعلیٰ تعلیم و تحقیق (GRMC)، انتظامی بلاک، گلشن اقبال، کراچی 75300، فون 8-021-99244141، ایکسٹینشن: 2019

s@m